# پیپر اسلامیات (لازمی) کلاس نہم فیصل آباد بورڈ 2015

گروپ (پہلا)

وقت: 15 منٹ — (معروضی حصہ) — کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| Q.1 | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | یُرِیْدُ کا مطلب ہے۔ | چاہتا ہے | رد کرتا ہے | کہتا ہے | جانتا ہے |
| (ii) | اللہ تعالیٰ نے سورۃ الانفال میں کہا، اے نبی ﷺ مسلمانوں کو ترغیب دو: | زکوٰۃ کی | نماز کی | اچھے اعمال کی | جہاد کی |
| (iii) | مالِ غنیمت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا حصہ ہے۔ | سارا | پانچواں | تیسرا | نصف |
| (iv) | اُولُوا الْاَرْحَامِ کے معنی ہیں۔ | ماں کے رشتہ دار | باپ کے رشتہ دار | خون کے رشتہ دار | جگری دوست |
| (v) | حدیث کے مطابق جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور بڑوں کا احترام نہ کرے وہ: | ہم میں سے نہیں | مومن نہیں | مسلمان نہیں | متقی نہیں |
| (vi) | نفرت کو محبت میں بدلا جاسکتا ہے۔ | دولت سے | تلوار سے | حسن اخلاق سے | اختیار سے |
| (vii) | قرآن پاک تقریباً ____ سال میں نازل ہوا۔ | 21 | 23 | 20 | 24 |
| (viii) | اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو اور ضائع نہ کرو: | وقت | دولت | وسائل | اعمال |
| (ix) | قرآن پاک کی پہلی وحی شروع ہوتی ہے۔ | اِقْرَاْ | الٓمٓ | النَّاس | اَلْحَمْدُ لِلّٰہ |
| (x) | جنت کی پھلواریاں ہیں۔ | نعت کی مجلسیں | علم کی مجلسیں | خاندانی مجلسیں | نماز کی مجلسیں |

وقت: 1:45 منٹ — انشائیہ حصہ — کل نمبر: 40

-2 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ 2 × 6 = 12

(i) معنی تحریر کیجیے۔ یُوَقِّ ، اَعِدُّوْا۔
(ii) دو مصارف زکوٰۃ کے نام لکھیے۔
(iii) غزوہ بدر میں شیطان نے کیا ردِ عمل ظاہر کیا تھا؟
(iv) یوم الفرقان سے کیا مراد ہے؟
(v) ترجمہ کیجیے: [illegible]
(vi) سورۃ الانفال میں کس چیز کو فتنہ قرار دیا ہے؟
(vii) فرعون کی ہلاکت کا سبب کیا تھا؟
(viii) سورۃ الانفال کے مطابق تقویٰ کے دو انعامات لکھیے۔
(ix) خانہ کعبہ کے پاس کفارِ مکہ کی نماز کس طرح تھی؟

-3 درج ذیل میں سے کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ 2 × 6 = 12

(i) اپنی قوم کی ناجائز معاملے میں مدد کرنے پر حدیث میں کیا مثال دی گئی ہے؟
(ii) رشوت کے دو نقصانات تحریر کیجیے۔
(iii) حسن خلق کے حوالے سے حدیث کا ترجمہ تحریر کیجیے۔
(iv) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حفاظت قرآن کے حوالے سے کیا خدمت انجام دی؟
(v) ختم نبوت کے حوالے سے آیت قرآنی کا ترجمہ تحریر کیجیے۔
(vi) محبت الٰہی کے حوالے سے آیت قرآنی کا ترجمہ تحریر کیجیے۔
(vii) رسول اللہ ﷺ نے جنت کی پھلواریاں کسے کہا؟
(viii) پہلی وحی میں کس بات پر زور دیا گیا ہے؟
(ix) زکوٰۃ کے دو فوائد تحریر کیجیے۔

-4 درج ذیل قرآنی آیات میں سے صرف دو کا ترجمہ کیجیے۔

(الف) اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○

(ب) اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○

(ج) لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

-5 درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے: مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً فَتَحَ اللّٰهُ لَهٗ بَابًا مِّنَ الْعَافِيَةِ

-6 قرآن و حدیث کی روشنی میں علم کی فضیلت بیان کیجیے۔ ---یا--- قرآن کی حفاظت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

www.ilmkidunya.com